www.KitaboSunnat.com
© rasailojaraid.com



منظور احسن عباسی

# نعتِ رسولِ مقبولؐ

دونوں جہاں کے واسطے رحمت حضورؐ ہیں
واللہ کائنات کی عزت حضورؐ ہیں

انفاسِ پاک گوشِ تخیل کا نغمہ زار
میری نگاہِ شوق کی جنت حضورؐ ہیں

اہلِ صفا و صدق و عدالت صحابہؓ ہیں!
عینِ صفا و صدق و عدالت حضورؐ ہیں

وہ فخرِ کائنات کہ ہیں افضل البشر
نازاں ہے جس بشر پہ فضیلت، حضورؐ ہیں

جو انبیاء بھی آئے امام الامم ہوئے
کی انبیاء کی جس نے امامت حضورؐ ہیں

لاتیئسوا! خدائے غفور و رحیم ہے
لاتقنطوا! کہ شافعِ امت حضورؐ ہیں

کل کائنات قدرتِ حق کا صحیفہ ہے
اور اس میں ایک آیتِ رحمت حضورؐ ہیں



© rasailojaraid.com
محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ